استمداد کیلیئے ندا کرتے ہین اور درگاہ رب العالمین مین انکو اپنا شفیع گردانتے ہین انکو مشرکین مکہ پر جو اپنے معبودون کو شفیع سمجھتے تھے بے سمجھی سے قیاس کیا ہے حالانکہ ہر دو مین ظاہر و جلی فرق موجود ہے جو سوای کور باطنون کے کسی پر مخفی نہین ہے جاننا چاہئیے کہ مشرکین کو مغفرت نہین ہے اسلیئے کہ وے اعتقاد باطلہ رکھتے ہین باریتعالی پر نہ ایمان لائے ہین اور نہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے خاتم الرسالت ہونیکی تصدیق کرتے ہین پس ایسون کو اللہ کی بخشش نہین ہے کیونکہ انکو انکے بت جو شیاطین اور عدو اللہ ہین شفاعت کرنا ممتنع ہے یا صاحبان ارواح قدسیہ جنکو وے ایمان ضروری کو ترک کرکے پکارتے ہین اونسے بھی شفاعت انکی امکان نہین رکھتی کیونکہ وے خود انکی عدم مغفرت یقینی سے وانا اور بینا ہین۔ باریتعالی فرماتا ہے ان اللہ لا یغفر ان یشرک بہ و یغفر ما دون ذلک لمن یشاء برخلاف مومنون کے جو اللہ پر ایمان لائے ہین اور رسالت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے خاتمیت کی تصدیق کرتے ہین اگرچہ گناہ کرین صغایر ہو یا کبایر یغفر ما دون ذلک لمن یشاء مین داخل ہین پہر مغفرت نصًا عام ہے کسی واسطہ سے ہو یا بغیر واسطہ کے۔ دیکھو خوب غور کرو کہ باریتعالی اس آیت مین یعنی والذین جاؤا من بعدہم یقولون ربنا اغفر لنا و لاخواننا الذین سبقونا بالایمان سابق مین جو گذرے ہین سو لوگونکی مغفرت چاہنے والونکی مدح کرتا ہے اور اس مدح مین تضمنًا قبولیت پر بھی دلالت ہے تو لازم ہے تمامی مومنین پر مستحسن ہوا اور استشفاع خاص مومنونکے ٹھہری گویا یہہ اشارہ ہے کہ استشفاع امر مستحسن ہے اور یہہ استشفاع لازم ہے جناب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اور بوعدہ لزوم قبولیت مقرون دیکھو اشفع تشفع کو گویا اس آیت کی وہ تفسیر ہے بدلالت نص پہر جیسا طلب مغفرت کا حال ہے ویسا ہی دوسرے حوایج کے طلب کا حال الحاصل استشفاع خاص مومنین کیلیئے ہوی نہ مشرکین کیلئے پس انبیاء و اولیاء کو مومنین جو ندا کرتے ہین سو انکو الٰہ و معبود نہین سمجھتے بلکہ انکو اللہ تعالی کے مقبول بندے جانتے ہین بخلاف مشرکین کے کہ بتون و ارواح کو اپنے الٰہ و معبود زعم کرتے تھے اور مومنین انبیا پر ایمان لائے ہین بخلاف مشرکین کے وے انبیا سے منکر ہین اور انبیاء اور اولیاء مومنون کے لئے شفاعت کرنا ثابت ہے بخلاف مشرکین کے کہ انکے لئے کوئی شفیع نہین اور انبیاء اور اولیاء اللہ تعالی کے نزدیک معظم و مکرم ہین انکی تعظیم و تکریم ایمان ہے بخلاف بتونکی تعظیم و تکریم کے کہ وہ کفر ہے پس قیاس ایک کا دوسرے پر مثل قیاس ابلیس علیہ اللعنہ کے ہے کہ اسنے آپکو آدم صفی اللہ علیہ السلام پر تفضیل دی **قولہ** اموات کو طلب حاجت کیواسطے پکارنا مسلمانونکا قدیم طریقہ نہین آہ **اقول** ارواح طیبہ کو استمداد و استشفاع و استغاثہ کیلیئے ندا کرنا صحابہ و تابعین و علمای مجتہدین و صلحا کے فعل سے ثابت ہے اسکا انکار کرنا جہل ہے

عن عثمان بن حنيف رضي الله عنه ان رجلا كان يختلف
الى عثمان بن عفان رضي الله عنه في حاجة له فكان
لا يلتفت اليه ولا ينظر في حاجته فلقي ابن حنيف فشكا
ذلك اليه فقال له عثمان بن حنيف ايت الميضاة فتوضأ
ثم ايت المسجد فصل فيه ركعتين ثم قل اللهم اني اسالك
واتوجه اليك بنبينا محمد صلى الله عليه وسلم نبي الرحمة
يا محمد اني اتوجه بك الى ربي فتقضي حاجتي وتذكر حاجتك
فانطلق الرجل فصنع ما قال ثم اتى باب عثمان بن عفان
فجاءه البواب حتى اخذ بيده فادخله على عثمان فاجلسه معه
على الطنفسة فقال ما حاجتك فذكر حاجته وقضاها له
ثم قال ما ذكرت حاجتك حتى كان الساعة وقال ما كانت
لك من حاجة فاذكرها ثم ان الرجل خرج من عنده
فلقي ابن حنيف فقال له جزاك الله خيرا ما كان ينظر في
حاجتي ولا يلتفت الى حاجتي فكلمته في فقال ابن حنيف
والله ما كلمته ولكني شهدت رسول الله صلى الله عليه وسلم
واتاه ضرير فشكى اليه ذهاب بصره فقال له النبي صلى الله عليه وسلم
او تصبر فقال يا رسول الله انه ليس لي قائد وقد شق علي
فقال له النبي صلى الله عليه وسلم ايت الميضاة فتوضأ ثم صل
ركعتين ثم ادع بهذه الدعوات فقال ابن حنيف فوالله
ما تفرقنا وطال بنا الحديث حتى دخل علينا الرجل كانه لم يكن
به ضر قط رواه البيهقي والطبراني في الكبير بطرق متعددة

ترجمہ۔ روایت ہے عثمان بن حنیف رضی اللہ عنہ سے تحقیق کہ ایک مرد آیا جایا کرتا تھا
عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کے پاس اپنی ایک حاجت کے لیے سو
اسکے طرف التفات نہیں فرماتے تھے اور نہ اسکی حاجت میں نظر کرتے تھے پس ملاقات کی
اس مرد نے ابن حنیف سے پس شکایت کی
اسکی اسنے پس کہا اسکو عثمان بن حنیف نے جا وضو کرنیکی جگہہ پھر وضو کر
اسکے بعد جا مسجد میں پس نماز پڑھ اسمیں دو رکعت اسکے بعد کہہ اللھم الخ یعنی یا اللہ
تحقیق کہ میں سوال کرتا ہوں تیرے سے
اور متوجہ ہوتا ہوں تیرے طرف ساتھ وسیلہ ہمارے نبی کے محمد صلی اللہ علیہ وسلم
نبی رحمت کے
یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم تحقیق کہ میں متوجہ ہوتا ہوں ساتھ وسیلہ آپکے طرف میرے رب کے
روا کیجاوے میری حاجت اور تو ذکر سے اپنی حاجت کو
پس گیا وہ مرد پھر کیا جو کچھ ابن حنیف نے کہا تھا اسکے بعد آیا دروازہ کو عثمان بن عفان کے
سو اسکے پاس دربان آیا یہانتک کہ اسکا ہاتھ پکڑ کر داخل کیا عثمان پر پس بٹھلایا اسکو
عثمان نے اپنے ساتھ
بچھونے پر پھر کہا کیا حاجت ہے تیری پس ذکر کیا اسنے اپنی حاجت کو اور روا کیا
اسکی حاجت کو عثمان نے
پھر فرمایا کہ میں نے نہیں یاد کیا تیری حاجت کو یہانتک کہ ہوئی یہہ ساعت اور فرمایا کہ
تجکو کوئی ایک حاجت ہو تو مجکو وہ حاجت بیان کر پس وہ مرد نکلا انکے نزدیک سے
سو ملاقات کیا ابن حنیف کو پس کہا انکو نیک جزا دیوے تمکو اللہ نظر نہیں فرماتے تھے
عثمان میری حاجتمیں اور نہ التفات کرتے تھے میری حاجتمیں پھر تم نے کلام کیا ان سے
میرے بیچ پس کہا ابن حنیف نے
اللہ کی قسم ہے میں نے نہیں کلام کیا ان سے اور لیکن میں حاضر ہوا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس
اور آیا آپکے نزدیک ایک نابینا پھر شکایت کی آنحضرت کے پاس اپنے نابینائی کی سو فرمایا
اسکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے
کیا تو صبر کرتا ہے تو کہا یا رسول اللہ تحقیق کہ نہیں ہے میرے لئے قاید اور میرے پر مشقت ہوتا ہے
پس فرمایا اسکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم جا وضو کرنیکی جگہہ پھر وضو کر اسکے بعد نماز پڑھ
دو رکعت پیچھے دعا کر ان دعوات سے پھر کہا ابن حنیف نے پس اللہ کی قسم ہے
کہ ہم متفرق نہیں ہوتے تھے اور دراز نہیں ہوا کلام ہمارا یہانتک کہ داخل ہوا ہمپر وہ مرد
گویا کہ اسکو
کبھی ضرر نہیں تھا ۱۲

نظر کرو لفظ یا محمد انی اتوجہ بک اٰہ کو عن مالک الدار قال اصاب ترجمہ ۔ روایت ہے مالک الدار سے کہا پہنچا

للناس قحط فی زمن عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ فجاء لوگوں کو قحط زمانہ میں عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کے پس آیا

رجل الی قبر النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال یا رسول اللہ استسق ایک مرد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر پاس پھر کہا یا رسول اللہ طلب باران فرما

لامتک فانہم قد ھلکوا فاتاہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی امت کیلئے کیونکہ آپکی امت ہلاک ہوئی پس آئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اسکے

فی المنام فقال ایت عمر فاقرءہ منی السلام واخبرہ انہم مسقون خواب میں سو فرمایا جا عمر پاس پس کہہ اسکو میری جانب سے سلام اور اسکو خبر دے کہ لوگ برسات دیے جاوینگے

وقل لہ علیک الکیس الکیس فاتی الرجل عمر رضی اللہ عنہ فاخبرہ اور کہہ انکو کہ لازم کر زیرکی کو پس آیا وہ مرد عمر رضی اللہ عنہ کے پاس پھر خبر دی انکو

فبکی عمر ثم قال یارب ما آلو الا ما عجزت عنہ رواہ البیہقی پس روئے عمر پھر کہا ای رب میں نہیں قصور کرتا مگر جس چیز سے عاجز ہوں روایت کی ہے بیہقی

وابن ابی شیبۃ بسند صحیح وروی السیف فی الفتوح ان الذی اور ابن ابی شیبہ نے بسند صحیح اور روایت کی ہے سیف نے فتوح میں کہ

رای المنام بلال بن الحارث المزنی احد الصحابۃ رضی اللہ عنہ جو دیکھا خواب میں سو بلال بن الحارث المزنی نام ایک صحابی ہیں رضی اللہ عنہ

اسکو السید السمہودی نے لکھا ہے عن ابی سعید رضی اللہ عنہ ترجمہ ۔ روایت ہے ابی سعید رضی اللہ عنہ سے

قال کنت امشی مع ابن عمر رضی اللہ عنہما فخدرت رجلہ کہا میں چلتا تھا ابن عمر رضی اللہ عنہما کے ساتھ سو انکا پاؤں سست ہو گیا

فجلس فقال لہ رجل اذکر احب الناس الیک فقال یا محمداہ سو بیٹھ گئے پس کہا انکو ایک مرد نے یاد کرو دوست ترین کو لوگوں سے تم پاس کہا یا محمداہ

فقام فمشی رواہ ابن السنی فی عمل الیوم واللیلۃ وعن پھر اٹھے اور چلے ۱۲

عبد الرحمن بن سعد قال کنت عند ابن عمر رضی اللہ عنہما ترجمہ ۔ روایت ہے عبد الرحمن بن سعد سے کہا میں تھا نزدیک ابن عمر رضی اللہ عنہما کے

فخدرت رجلہ فقلت یا ابا عبد الرحمن ما لرجلک قال اجتمع پس سست ہو گیا انکا پاؤں سو انکو میں نے کہا یا ابا عبد الرحمن کیا ہے تمہارے پاؤں کو کہا مجتمع ہوئی ہیں

عصبہا من ھھنا فقلت ادع احب الناس الیک فقال یا محمد اسکے اعصاب اس جگہ سے پس میں نے کہا پکارو دوست ترین کو لوگوں سے تم پاس سو کہا یا محمد

فانبسطت رواہ ابن السنی فی عمل الیوم واللیلۃ پس منبسط ہو گیا ۱۲

وعن الہیثم بن حنش قال کنا عند عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما ترجمہ ۔ روایت ہے ہیثم بن حنش سے کہا تھے ہم نزدیک عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے

فخدرت رجلہ فقال لہ رجل اذکر احب الناس الیک فقال سو سست ہو گیا انکا پاؤں سو کہا انکو ایک مرد نے یاد کرو دوست ترین کو لوگوں سے تم پاس پس کہا

یا محمد فقام کانما نشط عن عقال رواہ ابن السنی فی عمل الیوم واللیلۃ یا محمد پھر اٹھے گویا کہ گرہ کھل گئی رسی سے ۱۲

اور ابن حجر مکی نے الدر المنضود میں لکھا ہے جاء عن کل من عمر ترجمہ ۔ آیا ہے عمر

يا ابنه وابن عباس رضي الله عنهم ان رجله خدرت فقال له آخر
ذكر احب الناس اليك فقال الاول يا محمد صلى الله عليك
وقال الثاني يا محمد وقال الثالث محمد صلى الله عليه وسلم
فذهب خدره انتهى

اور انکے فرزند اور ابن عباس رضی اللہ عنہم ہر ایک سے کہ پاؤں انکا سن ہوا تو انکو دوسرے شخص نے کہا
یاد کرو دوستر کو لوگوں سے تم پاس کہا عمر رضی اللہ عنہ نے یا محمد صلی اللہ علیہ
اور کہا ابن عمر رضی اللہ عنہما نے یا محمد اور کہا ابن عباس رضی اللہ عنہما محمد صلی اللہ علیہ
پس چلی گئی انکے پاؤں کی سستی ١٢

غور کرو کہ حضرت عمر اور عبداللہ بن عمر اور عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہم نے دفع خدر کے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ندا فرمایا اور نام مبارک کو بغیر ندا کے ذکر نہیں کیا اور عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے منقول ہے اسلئے بلفظ ندا و استغاثہ ذکر کیا گو کہ در ضمن اسکے اظہار محبت کا قصد بھی ہو۔ ملا علی القاری نے شرح شفا میں ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث کے تحت میں لکھا ہے فقصد به اظهار المحبة في ضمن الاستغاثة انتهى یعنی قصد کیا اسنے اظہار محبت کا ضمن میں استغاثہ کے۔ اگر معترض صاحب کے زعم کے مطابق ارواح طیبہ کو ندا کرنا شرک ہوتا یا حرام ہوتا تو ہرگز بلفظ ندا و استغاثہ ذکر نہیں کرتے۔ اور ائمہ کے مرتد ہونے کے سبب صحابہ رضی اللہ عنہم نے جنگ کی تب صحابہ کا شعار یا محمداہ تھا چنانچہ اہل سیر کے پاس مشہور ہے اور الامام محمد بن نعمان نے مصباح الظلام فی المستغیثین بخیر الانام میں لکھا ہے ذکر الحافظ ابو سعید السمعانی فیما رویناه عن علي رضي الله عنه قال قدم علينا اعرابي

ترجمہ

بعد ما دفنا رسول الله صلى الله عليه وسلم بثلاثة ايام
فرمى نفسه على قبر رسول الله صلى الله عليه وسلم وحثا من ترابه
على راسه وقال يا رسول الله قلت فسمعنا قولك ووعيت
عن الله ما وعينا عنك وكان فيما انزل الله عليك ولو انهم
اذ ظلموا انفسهم جاؤك فاستغفروا الله واستغفر لهم
الرسول لوجدوا الله توابا رحيما وقد ظلمت نفسي وجئتك
تستغفر لي فنودي من القبر انه قد غفر لك انتهى

روایت ہے علی رضی اللہ عنہ سے کہا کہ قدوم کیا ہم پر ایک اعرابی تین روز
بعد دفن کرنے ہمارے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو
پس ڈالا اپنے کو قبر پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اور ڈالا اسکی مٹی
اپنے سر پر اور کہا یا رسول اللہ آپنے فرمایا سو ہمنے سنا آپکے قول کو
اور حفظ فرمایا آپنے اللہ سے جسکو ہمنے آپ سے حفظ کیا اور ہے بیچ اسکے جو نازل فرمائی
آپ پر اللہ تعالی نے یہ آیت ولو انهم الخ یعنی اور مقرر اگر وہ لوگ جنہوں نے اپنے جی پر ستم کیا تھا آتے تیرے پاس پھر اللہ سے بخشواتے
اور بخشواتا انکو رسول تو اللہ کو پاتے معاف کرنیوالا مہربان اور مقرر میں نے ستم کیا ہے
اپنے جی پر اور آیا آپکے پاس بخشوائیں میرے لئے پس ندا کی گئی قبر سے تحقیق کہ اللہ نے بخشا تجھکو ١٢

اور یہ جو ویسی ہی روایت آئی ہے سو مشہور و معروف ہے جسکو امام نووی وغیرہ ایمہ نے لکھا ہے اور اسکو سند گردانکر اسپر عمل کر لیکی ترغیب دی ہے بلکہ چاروں مذاہب کے مناسک کے کتب میں اسکو مستحب جانتے ہیں چنانچہ علامہ ابن حجر مکی نے جوہر المنظم میں لکھا ہے
ثم حكاية العتبي التي ذكرها المصنفون في المناسك ترجمہ۔ سابقہ حکایت عتبی کے جسکو ذکر کیا ہے مصنفون نے مناسک میں

يع المذاهب والموخرين وكلهم استحبوها وبراوها
ذابه التي ينبغي له فعلها انتهى اور يهى مصباح الظلام
ولما قتل الحسين بن علي رضي الله عنهما يوم عاشوراء
مضين من المحرم اول سنة احدى وستين وهو ابن
ربع وخمسين سنة ونصف سنة ونصف شهر ووقع
نح من السبي وحمل النساء والصبيان فلما مروا بالقتلى
حت زينب بنت علي مستغيثة بالنبي صلى الله عليه وسلم
اه يا محمداه هذا حسين بالعراء مزمل بالدماء مقطع الاعضاء
اه فلما كان سنة ثلاث واربع مائة اخذ اهل الكوفة
تى اعمى منهم الفا وخمسمائة رجل كلهم من نسل من حضر
لحسين رضي الله عنه وهذا من اعجب ما سمع انتهى
الحسين لكها ہے قال الامام ابو بكر بن المقري كنت انا
والطبراني وابو الشيخ في حرم رسول الله صلى الله عليه وسلم
على حالة واثر فينا الجوع وواصلنا ذلك اليوم فلما كان
العشاء حضرت قبر النبي صلى الله عليه وسلم فقلت يا رسول الله
الجوع وانصرفت فقال لي ابو القاسم اجلس اجلس
ن يكون الرزق او الموت قال ابو بكر فنمت انا وابو الشيخ
والطبراني جالس ينظر في شيء فحضر بالباب علوي فدق ففتحنا له فاذا
غلامان مع كل واحد منهما زنبيل فيه شيء كثير فجلسنا
ا وظننا ان الباقي يأخذه الغلام فولى وترك عندنا الباقي
فرغنا من الطعام قال العلوي يا قوم اشكوتم الى رسول الله صلى الله عليه وسلم

فانی رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی المنام فامرنی — کیونکہ مینے دیکھا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو خواب مین سو مجکو حکم فرمایا

ان احمل شیئا الیکم اور یہی اسمین لکہا ہے — کہ اوٹہا لیجاؤن کوئی چیز تمہارے پاس ۱۲

وسمعت ابا عبد العظیم بن علی الرکالی یقول قال لے — ترجمہ۔ اور مینے سنا ہے عبد العظیم بن علی الرکالی کہتا تہا کہ مجہکو

عبد الرحمن الجزولی من اصحاب سیدی الشیخ الصالح ابی محمد — عبد الرحمن الجزولی نے کہا جو اصحاب سے شیخ صالح ابو محمد کے ہے

کنت کل سنۃ تمرض عینی فلما کنت فی مدینۃ الرسول — کہ ہر سال میری انکہہ بیمار ہوتی تہی پہر جب مینے مدینۃ الرسول

صلی اللہ علیہ وسلم مرضت عینی فجئت الی النبی صلی اللہ — صلے اللہ علیہ وسلم مین تہا تو میری انکہہ بیمار ہوی پس مین آیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم

علیہ وسلم فقلت یا رسول اللہ انا فی حمایتک فان عینی — کے قبر شریف پاس اور کہا یا رسول اللہ مین آپکی حمایت مین ہون

مریضۃ فعوفیت ولو اشتکت عینی الی الآن ببرکۃ النبی — پس تحقیق کہ میری انکہہ بیمار ہے پہر شفا ہوگئی اور مجہکو انکہہ کی شکایت نہین ہوی اب تک برکت سے

صلی اللہ علیہ وسلم انتہی اور یہی اسمین کثیر بن محمد بن کثیر بن — نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے ۱۲

رفاعہ سے روایت کی ہے قال جاء رجل الی عبد الملک بن سعید — ترجمہ۔ کہا کہ آیا ایک مرد عبد الملک بن سعید بن حیان معروف بہ ابن ابجر کے پاس

بن حیان فجس بطنہ فقال بک داء لا یبرأ قال ما ہو قال — پس اسنے اسکے شکم کو تجسس کر کے کہا کہ تجہکو بیماری ہے درست نہین ہوگی کہا کہ کیا بیماری ہے کہا

الدبیلۃ فتحول الرجل فقال اللہ اللہ اللہ ربی لا اشرک بہ — کہ دبیلہ ہی پس اس مرد نے لوٹ کر کہا اللہ الٰہی اللہ اللہ رب میرا ہے نہین شریک کرتا ہون اسکے ساتہہ کسی چیز کو

شیئا اللہم انی اتوجہ الیک بنبیک محمد صلی اللہ علیہ وسلم — یا اللہ تحقیق کہ مین متوجہ ہوتا ہون تیرے طرف وسیلہ تیرے نبی محمد

نبی الرحمۃ یا محمد انی اتوجہ بک الی ربک و ربی ان یرحمنی — صلے اللہ علیہ وسلم نبی رحمت کے یا محمد صلے اللہ علیہ وسلم تحقیق کہ مین متوجہ ہوتا ہون آپکے وسیلہ سے طرف میرے رب کے اور آپ کے رب کے رحم کرے مجہکو

مما بی رحمۃ یغنینی بہا عن رحمۃ من سواہ ثلاث مرات — اس چیز سے جو میرے ساتہہ ہے ایسی رحمت جو غنی کر دیوے مجہکو اس رحمت کے سبب اسکے غیر سے تین بار

ثم جاء الی ابن ابجر فجس بطنہ فقال قد برأت ما بک علۃ — اسکے بعد اس مرد نے عود کیا عبد الملک بن سعید معروف بہ ابن ابجر کی طرف پس اسنے اسکے شکم کو تجسس کر کے کہا کہ تو درست ہو گیا نہین ہے تجکو کوئی بیماری ۱۲

انتہی اور محبوب سبحانی قطب ربانی رضی اللہ عنہ فرماتے ہین

یا حبیب الالٰہ خذ بیدی ۞ ما لعجزی سواک مستندی — ترجمہ۔ ای حبیب الٰہ پکڑ ہاتہہ میرا نہین ہے میری عاجزی کے لئے آپکے سوا آسرا ۱۲

اور شیخ الامام البوصیری رحمہ اللہ نے قصیدہ بردہ مین فرمایا ہے — ترجمہ

یا اکرم الخلق ما لی من الوذ بہ ۞ سواک عند حلول الحادث العمم — اے گرامی تر خلق کے نہین ہے مجکو جس سے پناہ لون آپکے سوا نزدیک نازل ہونے عام حادثہ کے ۱۲

اور یہی امام نے قصیدہ ہمزیہ مین کہا ہے۔ فاغثنا یا من ہو الغوث والغیث اذا اجہد الوری اللأواء ۞
پس ہماری فریاد رسی کرو اے وہ ہستی جو فریاد رس اور مینہ ہو جب عالم کو تنگی نے تنگ کر دیا خلق کو سختی نے ۱۲

لجواد الذی بہ تفرج الغمۃ عنا ۔ و تکشف الحوبا ء
مولانا ولی اللہ رحمہ اللہ نے فرمایا ینادی ضارعا بخضوع قلب
ذل و ابتھال و التجاء ۔ رسول اللہ یا خیر البرایا
نالک ابتغی یوم القضاء ۔ اذا ما حل خطب مدلھم
فانت الحصن من کل البلاء ۔ یا استمداد و استغاثہ کے لئے

اور ای جوانمرد جسکے سبب سے جدا ہوتا ہے اندوہ ہمارے اور دور ہوتا ہے گناہ ۔
ترجمہ ۔ ندا کرتا ہے بحالت تضرع قلب کی فروتنی
و خواری و زاری و التجا کے ساتھ ای رسول خدا کے ای بہترین خلایق کے
آپکی دہش چاہتا ہون روز قیامت جب کہ نازل ہووے امر تاریک
تو آپ پناہ ہین ہر بلا سے ۱۲

علاوہ ازینکہ ان اسکے سوا اور بہی بہت سے منقولات سلف و خلف سے ثابت ہین امام محمد بن موسی بن نعمان سے اس بیان مین ایک کتاب مستقل ہے جسکا نام مصباح الظلام فی المستغیثین بخیر الانام ہے اسمین بہت سے منقولات سلف ذکر کی ہین السید السمہودی نے وفاء الوفا مین بہی بہت سے منقولات سلف و خلف سے لکہی ہین اور الشیخ عبد الحمید السندی نے منسک مدینہ مین کئی ایک منقولات بیان کی ہین باین اسکا انکار کرنا جہل ہے یا عناد ہے **قولہ** اور اگر صحابہ یا تابعین سے اس قسم کے افعال ثابت کر دو بسند صحیح ہمکو بسر و چشم قبول ہے **اقول** الحمد للہ ہم صحابہ و تابعین وغیرہم سے ثابت کر چکے اگر اور بہی زیادتی مطلوب ہے تو مصباح الظلام مین دیکہہ لو پہر اب اسکو بسر و چشم قبول کر لین ورنہ صحابہ و تابعین کے منکر ہین یا رہوگا **قولہ** اور مشرکین مین یہہ افعال بالمشاہدہ موجود ہین **اقول** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت سے جو امر اہل اسلام کا شعار ہوتا چلا آتا ہے سو اسکو کفار کے افعال سے مشابہ کر کے منع کرنا جہل ہے کیونکہ بہت ایک امور ہین جو مشرکین کے مذہب و ملت مین مثل اہل اسلام کے جاری ہین جیسے سر منڈانا بتون کیلئے مثل حلق مسلمانو نکے مناسک حج مین اور پوجا کرنا مثل عبادت اللہ تعالی کے اور طہارت کرنا غسل کرنا آبدست لینا ہر حال ندا کرنا اپنی دانست کیموافق معظم لوگ کو ان مذاہب مین عام و لازم و ثابت ہے اسکو تشبہ سمجہنا مسایل تشبہ سے ناواقفیت کا سبب ہے بلکہ تخلل جو اس کا ہے کہ مسلمانو نکا ان افعال کو جو صحابہ اور تابعین سے منقول نہون اور مشرکین مین موجود ہون بلکہ مشرکین انکو منجملہ امور دینیہ عبادت کے سمجہتے ہون اختیار کرنا بیشک تشبہ بالکفار ہے اور انکار اسکا محض مکابرہ ہے **اقول** یا شیخ عبد القادر للہ بدون تاویل کے کہنا شرک ہے کر کے جو معترض صاحب کا عندیہ تہا اور اسکو علم غیب اور آیت و من اضل الا آیہ پر مبنی کیا تہا اسکا بطلان کما ینبغی ہو چکا اما بطور تاویل کے کہنے کی حرمت جو انکے خیال مین ہے اب یہان اسپر بحث کرتے ہین ... کہ حرمت کہ تشبہ بالکفار پر مبنی کیا ہے اس حیثیت پر کہ اس قسم کے افعال صحابہ و تابعین سے

قول نہین ہوے اور مشرکین مین موجود ہین انکی یہہ بنا ساقط ہے صحابہ و تابعین و غیرہم سے اس قسم کے افعال ہم تو [illegible]
بت کر چکے پہر جو افعال کہ صحابہ کے زمانہ سے آجتک مسلمانون مین موجود ہین انکو تشبہ بالکفار کہنا محض غوایت ہے اور تشبہ [illegible]
بھی ہین پہر اپنے مسئلہ کو تشبہ پر بنا کرنا فاسد ہے اور دعوی مکابرہ کا کرنا مکابرہ ہے **قولہ** التحیات مین خطاب
[illegible] اسماع نہین یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم کو سنانیکے لئے نہین پکارتے بلکہ یہہ کلمہ جسطرح قصہ معراج مین وارد ہوا ہے
اوسی طرح باقی رکہا گیا ہے **اقول** جسطرح قصہ معراج مین وارد ہوا ہے اوسی طرح باقی رکہنے سے خطاب بغرض اسماع نہونا
[illegible] نہین بلکہ نماز مین خطاب سے قصہ معراج کی حکایت کا قصد کرنا شرعاً ممنوع ہے اور خطاب سے انشاء کا قصد رہنا اور یہہ یقین کرنا
[illegible] ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم اسکو معلوم کرکے سلام کا جواب دیتے ہین - نہر الفایق شرح کنز الدقایق مین مذکور ہے
[illegible] دان یقصد فی الفاظ التشہد معناها التی وضعت له ترجمہ - ضرور ہے قصد کرنا تشہد کے الفاظ مین انکے وہ معنے جنکے لئے وضع کئے گئے ہین
[illegible] یحیی اللہ تعالی و یسلم علی نبیہ و علی نفسہ و علی اولیاء اللہ تعالی گویا کہ تحیت کرتا ہے اللہ تعالی کو اور سلام کرتا ہے اسکے نبی پر اور اپنی نفس پر اور اولیاء اللہ پر
[illegible] انہ یقصد الانشاء بهذه الالفاظ لا الاخبار انتهى یعنی تحقیق کہ قصد کرے ان الفاظ سے انشا کا نہ اخبار کا ۱۲
معراج الدرایہ مین لکہا ہے لا بد ان یقصد بالفاظ التشہد ترجمہ - ضرور ہے کہ قصد کرے تشہد کے الفاظ سے
[illegible] ناها التی وضعت لها من عنده کانه یحیی اللہ تعالی انکے وہ معنے جنکے لئے وضع کئے گئے ہین اپنے نزدیک گویا کہ تحیت کرتا ہے اللہ کو
[illegible] سلم علی النبی علیہ السلام و علی نفسہ و علی اولیاء اللہ تعالی انتہی اور سلام کرتا ہے نبی صلی اللہ علیہ و سلم پر اور اپنی نفس پر اور اولیاء اللہ پر ۱۲
در المختار مین لکہا ہے و یقصد بالفاظ التشہد معانیها ترجمہ - اور قصد کرے تشہد کے الفاظ سے انکے معانی
[illegible] ة له علی وجه الانشاء کانه یحیی اللہ تعالی و یسلم علی درحالیکہ ارادہ کیا جاوے بروجہ انشاء گویا کہ تحیت کرتا ہے اللہ تعالی پر اور سلام
[illegible] و علی نفسه و اولیائه لا الاخبار عن ذلک ذکره کرتا ہے اسکے نبی پر اور اپنی نفس پر اور اسکے اولیاء پر نہین قصد کرے اخبار کا اسکا ذکر کیا ہے اسکو کتاب مجتبی مین ۱۲
المجتبی انتہی اور شامی نے لکہا ہے لا یقصد الاخبار ترجمہ - نہین قصد کرے اخبار
[illegible] حکایة عما وقع فی المعراج منه صلی اللہ علیہ و سلم اور حکایت کا اس چیز کہ جو واقع ہوا ہے معراج مین آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم
[illegible] ن ربه سبحانه و من الملائکة انتہی [illegible] اور اللہ تعالی سے اور ملائکہ سے ۱۲
[illegible] العلوم مین فرمایا ہے و قیل قوله ایها النبی احضر شخصه الکریم [illegible] ترجمہ - اور آگے کہنے تیرے ایها النبی کو حاضر کر آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم [illegible] ذاته
[illegible] و لیصدق [illegible] انه یبلغه [illegible] علیک [illegible] اور صادق جانے تیرے [illegible]
پہنچتا ہے اور تیرے پر ذکر کرتے ہین وہ جو اتم ہے تیرے سلام سے ۱۲

وقرۃ العین عابدان ہست در جمیع احوال و اوقات خصوصا در حالت عبادت و آخر آن کہ وجود نورانیت و انکشاف و تجلی
بیشتر و قوی تر ہست و بعضی از عرفا گفتہ اند این خطاب بجہت سریان حقیقت محمدیہ ہست در دایرہ موجودات و افراد ممکنات
س آنحضرت در ذوات مصلیان موجود و حاضر ہست پس مصلی باید کہ ازین معنی آگاہ باشد و ازین شہود غافل نبود تا بانوار
ب و اسرار معرفت متنور و فایز گردد انتہی یہہ عبارت شرح مشکات کی ہے اور تحصیل البرکات مین معترض صاحب کے عبارت منقولہ
ہد کہا و بعضی عرفا از ارباب تحقیق گفتہ اند کہ آنحضرت باعتبار سریان حقیقت وی صلی اللہ علیہ وسلم در ذرایر موجودات و احاطہ
اللہ باین کمالات و ی اسباب ممکنات در ذوات مصلیان حاضر و شاہد ہست و در و صیغہ خطاب در حقیقت بملاحظہ آن حضور و شہود
ست صلی اللہ علیک یا رسول اللہ وسلم انتہی قطع نظر اسکے جو لوگ کہ اللہ تعالی کے احاطہ و معیت کو علمی ہی کرکے کہتے ہین انہیر
ی اللہ تعالی کو خطاب کے تہین یہی الی ان ہی ان تعرفہ استحضر ہے کہ اللہ تعالی کا علم بالذات ہے اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا علم
اسطہ اعلام الہی کے قدر پر **قولہ** یہان بحث تہی اوس ایمین جو اہل قبور کو سنانے اور ان سے مدد مانگنے کی غرض سے ہو اور التحیات کی
سنانے اور مدد مانگنے کیلیے نہین **اقول** معترض صاحب کا یہہ زعم تہا کہ ندا بقصد اسماع حرام ہے اور اس بات کو مشرکین کے ساتھ
شبہ ہونے پر مبنی کیا تہا پس ہم کہتے ہین کہ التحیات مین بہی ندا با اسماع موجود ہی کما سبق پہر مشرکین کے تشبہ کا دعوی
کے اسکو منع کرنا کیونکر صحیح ہوگا پہر تشبہ کے بطلان کیلیے التحیات سے استدلال لانا بیشک صحیح ہے **قولہ** یہہ روایت بسبب ضعف سند
قابل احتجاج نہین الخ **اقول** یا عباد اللہ اعینونی کی روایت کو بزار نے اپنی مسند مین ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مرفوع
وایت کیا ہی حافظ ابو الحسن الہیثمی نے مجمع الزوائد مین اسکو ذکر کرکے کہا ہی ورجالہ ثقات انتہی اور حافظ ابن حجر عسقلانی نے
زواید بزار مین اسکی تحسین کی ہے اور حافظ شمس الجزری نے اسکو حصن حصین مین وارد کیا ہی اور ابتدا مین کہا کہ اسمین کے
احادیث صحیح ہین سو اسکے نزدیک بہی یہہ حدیث صحیح ہے اور بہی ابن ابی شیبہ نے مصنف مین ابن عباس رضی اللہ عنہما سے
موقوف بہی روایت کی ہے اور بہی طبرانی نے کبیر مین عتبہ بن غزوان رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے شیخ عابد سندی نے اپنے رسالہ مین کہا
کے رواۃ ثقات ہین اور حافظ شمس الجزری نے بہی اسکو حصن حصین مین وارد کیا ہی سو اسکے نزدیک وہ حدیث صحیح ہے اور
زالثمین مین مذکور حدیث کے تحت مین لکہا ہی قال بعض العلماء الثقات حدیث حسن یحتاج الیہ المسافرون انتہی
لے سوائے ابن السنی نے ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مرفوع روایت کی ہے سو اسکی سند ضعیف ہے پس اس ایک طریق کی سند مین
ضعف رہنے سے حدیث ضعیف نہین ہوتی کما لا یخفی علی من لہ ادنی مسکۃ من علم الحدیث پہر معترض صاحب

ضعف روایت کا دعوی کرنا شاید انکی بصیرت کا ضعف ہی علاوہ برین جب متعدد طرق سے مروی ہی تو اسکی تقویت ہوی اور قابل احتجاج با آین ضعیف حدیث فضایل اعمال مین قابل احتجاج ہی کما صرح بہ العلماء المجتهدون معتمد علمای اعلام جیسے امام نووی اور حافظ جلال الدین السیوطی اور حافظ الجزری اور ملا علی القاری وغیرہم نے اسکو قابل احتجاج جانا ہی اور امام نووی اور انکے شیخ نے اسپر عمل کیا ہی جیسا کہ اذکار مین تصریح فرمای با آین قابل احتجاج نہین ہی کہنا مردود ہی معترض صاحب کی فن حدیث مین جو لیاقت ہی سو یہان خوب روشن ہوچکی پہر عمل بالحدیث کا دعوی کرنا اور کتاب و سنت و آثار صحابہ و تابعین سے معارضہ کیلیے طیار رہنا خوب زیب دیتا ہی **قولہ** بفرض تسلیم حدیث کے مضمون سے معلوم ہوتا ہی کہ محافظ فرشتے زمین الخ **اقول** حدیث مختلف طرق سے وارد ہوی ہی اور اسکے الفاظ بہی مختلف ہین ابن ابی شیبہ نے جو ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہی اسکا لفظ یون ہے

انہ قال اذا انفلتت دابۃ نلیسنا د اعینونی عباد اللہ رحمکم اللہ — یعنی تحقیق انہون نے فرمایا کہ جب بہاگ جایگا جانور تو چاہیے کہ ندا کرے اعینونی الخ یعنی اعانت کرو میری ای اللہ کے بندو رحم کرے تمکو اللہ ۱۲

اور طبرانی نے جو عتبہ بن غزوان رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہی اسکا لفظ یہہ ہی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا اضل احدکم شیئا او اراد عونا وھو بارض لیس بھا انیس فلیقل — روایت ہی نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ آپ نے فرمایا جبکہ ایا تم مین کسی شخص نے کسی چیز کو یا ارادہ کیا اعانت کا اور وہ شخص ایسی زمین مین ہی کہ وہان کوئی انیس نہین ہے تو کہنا چاہیے

یاعباد اللہ اعینونی یاعباد اللہ اعینونی یاعباد اللہ اعینونی — یاعباد اللہ الخ یعنی ای اللہ کے بندو اعانت کرو میری ای اللہ کے بندو اعانت کرو میری ای اللہ کے بندو اعانت کرو میری

فان للہ عبادا لا یراھم وقد جرب ذلک اسمین محافظ فرشتونکا — کیا واسطے کہ اللہ کو بندے ہین جنکو نہین دیکہتے ہین راوی نے کہا کہ یہہ مجرب ہی ۱۲

کچہہ ذکر نہین بہر حال ہماری نظرون سے غایب ہین سو بندگون کو خواہ وہ محافظ فرشتے ہون یا اور کوئی استمداد کیلیے پکارنا ان سب حدیثون سے ثابت ہوتا ہی پہر انبیا و اولیا کو استمداد کیلیے پکارنے مین کسطرح مشرکین سے شباہت ہوگی پس تشبیہ کی زعم سے حرمت کو ثابت کرنا اس حدیث سے باطل ہوتا ہی فتدبر فان نہمک قد قصر **قولہ** یہہ استدلال آپکا بگڑ گیا **اقول** استدلال تو بگڑا نہین لیکن آپکے فہم کی رسائی نہوسکی **قولہ** آپ کو حدیث کیطرف کچہہ کچہہ توجہ تو ہوئی **اقول** کب توجہ تہی لیکن آپکی مہارت فن حدیث مین خوب معلوم ہوچکی **قولہ** اگر آپ احادیث صحیحہ اور آثار صحابہ و تابعین و اقوال ایمہ اربعہ پر قایم اور مضبوط ہوجائین تو دم بہر مین یہہ سارے اختلاف اوٹہہ جائین **اقول** ہم تو اسپر مضبوط ہین لیکن جبتک کہ آپ صحیح احادیث و آثار کو ضعیف کہتے رہین اور علمای اعلام کے اقوال سے انکار کرتے رہین تبتک یہہ سارے اختلاف مرتفع ہونا بہت دشوار ہی **قولہ** یا شیخ عبد القادر جیلانی شیئا للہ کے معنے یہہ ہین کہ ای شیخ کچہہ مجہکو دو یہہ نہین کہ وسیلہ ہو الخ **اقول** لفظ شیئ تو الفاظ عموم سے ہی ہر چیز پر صادق آتا ہی جیسا دوسری چیزون پر صادق آتا ہی ویسا ہی توسل وغیرہ پر صادق آتا ہی تو وہ بہی اسکے معنے کے افراد سے ایک فرد ہی

سل کو اس سے خارج کرنا محض تحکم ہے یہان اس سے توسل مراد ہونا ظاہر لفظ کے خلاف نہین اور لفظ اپنے معنے کے ایک فرد پر
ت کرنے کو تاویل نہین کہتے پس معنے اسکے یہہ ہین ای شیخ آپ سے توسل کو طلب کرتا ہون چنانچہ کشط الاہاب مین لکھا ہے

ثبت ان الانبیاء والاولیاء بعد الارتحال من هذا الدار
وابصر من الاحیاء نادا هم بعض الملهوفین وطلب
التوسل والدعاء عند الله لکشف همومہ واساه وقال
یا عبد القادر شیئا لله فلا نری بہ باسا وشناعة ویکون
للتوسل والشفاعة لانا نعتقد ان احدا بعد الموت
ث شیئا من التصرف فی الوجود بل لا معطی ولا واهب الا الله
م الکریم الودود ولا یطلب منهم الا ما یملکونہ وهو التوسل
لله فی قضاء الاوطار وهذا التوسل جایز کما ثبت
بار والآثار انتہی اور فتاوی علامہ السید عمر البصری المکی مین ہے
رضی الله تعالی عنہ عن قول الناس شیئ لله یا فلان هل
اللفظة عربیة ام عجمیة وهل نهی عنها الشافعی فی بعض کتبہ
ن اصحابہ وهل هی حرام او مکروہ ام لا اجاب قول العامہ
ه یا فلان عربیة لا عجمیة لکنها من مولدات اهل العرف
فظ لاحد من الایمة نصا فی النهی عنها ولیس المراد
طلاقهم شیئا یستدعی مفسدة الحرام والمکروه لانہم
کونها استمدادا وتعظیما لمن یحسنون فیہ الظن

ترجمہ۔ اور جب ثابت ہوگیا کہ انبیا اور اولیا بعد انتقال کرنیکے دنیا سے
زیادہ سننے والے اور زیادہ دیکھنے والے ہین زندگون سے پس اگر ندا کرے انکو بعضی
زیادہ خواہ اور طلب کرے
اپنے توسل اور دعا کو نزدیک اللہ کے اپنے اندوہ اور غم کو دور کرنیکے لیئے اور کہا
مثلا یا عبد القادر شیئا للہ تو ہم اسمین نہین دیکھتے کچھہ گناہ اور برائی اور ہوگی
یہہ طلب توسل اور شفاعت کیونکہ ہم اعتقاد رکھتے ہین کہ کوئی شخص بعد موت کے
نہین مالک ہوتا ہے کسی تصرف کا وجود مین بلکہ نہین عطا کرنیوالا ہے اور نہین بخشش
کرنیوالا ہے مگر اللہ
جو نائع کریم وودود ہے اور انہون سے نہین طلب کرتے ہین مگر وہ چیز جسکے وے
مالک ہین اور وہ توسل ہے
نزدیک اللہ کے حوایج کے روا کرنے مین اور یہہ توسل جایز ہے جیسا کہ ثابت ہوا ہے
اخبار اور آثار مین ۱۲

ترجمہ۔ سوال کیئے گئے وے رضی اللہ عنہ قول سے لوگون کے شیئ للہ یا فلان
ایا یہہ لفظ عربی ہے یا عجمی اور ایا منع کیا اس سے شافعی نے اپنے بعضی کتابون مین
یا انکے بعضی اصحاب نے اور ایا وہ حرام ہے یا مکروہ یا نہین جواب دیا کہ قول عوام کا
شیئ للہ یا فلان عربی ہے نہ عجمی لیکن وہ مولدات سے اہل عرف کے ہے
اور ہم یاد نہین رکھتے کسی ایک ایمہ سے نص اسکے منع مین اور نہین ہے مراد
انکی اطلاق مین وہ چیز جو مستدعی ہو مفسدۂ حرام اور مکروہ کو کیونکہ وے
نہین ذکر کرتے اسکو مگر واسطے استمداد یا تعظیم کے واسطے ان لوگون کے جنکے حق مین
حسن ظن رکھتے ہین ۱۲

سبحانہ وتعالی اعلم انتہی اما یہہ معنی کہ ای شیخ بخش مجھکو وہ صحیح نہین کیونکہ قایلین کی مراد اس جملہ سے ایسی نہین بلکہ مراد
حصول مقاصد کیلیئے وسیلہ وسبب ہونیکی طلب ہے علاوہ برین اسکے معنے کچھہ مجھکو دو ہونے سے توسل کے معنے سے یہہ جملہ
نہین ہوتا کیونکہ منجملہ اقسام توسل کے ہے کہ متوسل بہ سے امر مقصود کو طلب کرینا اور اسناد فعل کی اسکے طرف کرنا اس معنے سے

کو سبب ہو اس مقصود کے حصول کیلئے اور ایسا استعمال شایع ہوتا ہے امام سبکی کا قول اس پر صریح ہے

النوع الثالث من التوسل ان يطلب منه ذلك الامر المقصود بمعنى انه صلى الله عليه وسلم قادر على التسبب فيه بسواله وشفاعته الى ربه فيعود الى النوع الثاني في المعنى وان كانت العبارة مختلفة ومن هذا قول القائل للنبي صلى الله عليه وسلم اسالك مرافقتك في الجنة قال اعني على نفسك بكثرة السجود والآثار في ذلك كثيرة ولا يقصد الناس بسوالهم ذلك الا كون النبي صلى الله عليه وسلم سببا وشافعا وليس المراد نسبة النبي صلى الله عليه وسلم الى الخلق والاستقلال بالافعال هذا لا يقصده مسلم فصرف الكلام اليه ومنعه من باب التلبيس في الدين والتشويش على عوام الموحدين انتهى

ترجمہ — تیسری قسم توسل کی یہ ہے کہ طلب کرنا انسے اس امر مقصود کو اس معنی سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قادر ہیں سبب ہونے پر اسمین اپنے سوال اور شفاعت کرنے پر رب کے پاس پھر رجوع کرتا ہے یہ قسم معنے مین دوسری قسم کی طرف اگرچہ عبارت مختلف ہے اور اسی سے ہے قول قائل کا واسطے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سوال کرتا ہون آپ سے رفاقت آپکی جنت مین فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اعانت کر میری تیری ذات پر کثرت سجود سے اور احادیث اسمین بہت ہین اور نہین قصد کرتے ہین لوگ سوال کرنے سے مگر ہونا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا سبب اور شافع اور نہین ہے مراد نسبت کرنا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو طرف خلق اور استقلال کے ساتھ افعال کے یہ قصد نہین کرتا ہے مسلمان پس پھیرنا کلام کو اسطرف اور منع کرنا اس سے تلبیس ہے دین مین اور تشویش ہے عوام موحدین پر ۱۲

اور ابن حجر المکی اور السید السمہودی نے بھی ایسا ہی لکھا ہے اور علامہ یوسف اہدل نے اپنے رسالہ مین لکھا ہے

وقول السائل وهل يجوز اسناد الفعل لهم من غير اعتقاد تاثير فجوابه نعم يجوز ذلك وذلك بطريق المجاز شايع ذايع وله نظاير كثيرة من الكتاب والسنة وكلام العرب العلماء فقد جاء اسناد الشيء الى فاعله سببا وكسبا والفاعل لذلك حقيقة هو الله وكذلك يجوز اسناد الاحراق للنار والستر للثوب ودفع الحر والبرد وكون الطعام والماء يروي وينبت ونحو ذلك والموثر في الجميع هو الله الموجد لذلك في الحقيقة وكتب الاصول والفروع مشحونة بنحو ذلك انتهى

ترجمہ — اور قول سائل کا اور آیا جایز ہے اسناد کرنا فعل انکے طرف بغیر اعتقاد تاثیر کے پس جواب اسکا یہ ہے کہ ہان جایز ہے اور وہ بطریق مجاز کے شایع و مشہور ہے اور اسکے لیے بہت سی نظیرین ہین کتاب اور سنت سے اور کلام علماء عرب سے بتحقیق کہ آئی ہے اسناد شے کی طرف اسکے فاعل کے جو سبب اور کسب ہے اور فاعل اسکا حقیقت مین اللہ ہے اور ایسا ہی جایز ہے اسناد احراق کی طرف آتش کے اور ستر کی طرف لباس کے اور دفع حرارت و برودت کی اور ہونا طعام اور پانی سیراب کرنے والا اور اگانیوالا اور مثل اسکے اور موثر سب مین اللہ ہے جو موجد اسکا ہے حقیقت مین اور کتب اصول فروع بھری ہوئی ہین اسکی مثل سے ۱۲

پھر تصرف مستقل اس سے فہم کرکے مسلمانون پر شرک کا حکم کرنا کیسا صحیح ہوگا فافہم ولا تتبع الہوی

لیہ اور ظاہر شریعت کا حکم ظاہر الفاظ پر جاری ہوتا ہے اقول شریعت کا حکم مجرد ظاہر الفاظ پر علی العموم نہین بلکہ قایل کے
ے پر بھی نظر کرکے شریعت کا حکم ہوتا ہے چنانچہ شیخ ابن حجر مکی نے اپنے فتاوے مین تحریر فرمایا ہے نص الشافعی رضی اللہ عنہ
ال اذا قال اہل مطرنا فی نوء کذا فہو کقولہ مطرنا فی شہر کذا
فلا یکون کفرا من مسلم ای ولا حراما بخلاف قولہ
ل الشرک لانہم یعتقدون التاثیر لہ انتہی دیکھو امام شافعی

ترجمہ ... نص فرمایا ہے شافعی رضی اللہ عنہ نے
پس کہا کوئی مطرنا الخ یعنے ہم پر بارش دیے گئے اس ستارہ مین
پس وہ مثل قول اسکے ہے مطرنا الخ یعنے ہم پر بارش دیے گئے اس شہر مین
اور یہہ نہین ہے کفر مسلمان سے اور نہین ہے حرام بخلاف قول
اہل شرک کے کیونکہ وہ اعتقاد رکھتے ہین تاثیر کا اسکے لیے تمام

رنا فی نوء کذا ایک لفظ پر قایل کی نیت دیکھنے سے مختلف حکم فرمایا ہے نہ سب کا ایک حکم کیا پس ممکن نہین قایل کو نہ دیکھکر مجرد لفظ پر شرک کا
کر دینا خبط عشواء ہی معہذا جب کہ جملہ قایلین کے پاس مذکور توسل کے لیے معنی ہے تو حکم شریعت بھی اسی عرف پر مبنی
ا ہے پس اسکا انکار کرنا احکام شرع پر ناواقف رہنے پر دلالت کرتا ہے قولہ مشرکین مکہ بھی اسی قسم کی تاویلین
کرتے تھے اور جن ارواح کو پکارتے تھے انمین تصرف مستقل نہین ثابت کرتے تھے اقول مشرکین بتون کی
ادت کرتے تھے اور انکو اپنا الہ ٹھہراتے تھے اور خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان نہین رکھتے تھے پھر گو کہ تصرف مستقل ثابت
ین اور کسیکو بھی پکارین اور کچھ مراد رکھین ہرگز انکا شرک دور نہین ہوتا ایسا ہی کوئی بریلوی یا نجدی کو کسی نے نبی جانا
خدا تعالی کے سوای کسیکو نہین پکارا اور کسی مین تصرف کرنا انکا ثابت نہین کیا تو اس سے بھی کفر جاتا نہین
لاف مومنین کے کہ مخلوق کی عبادت نہین کرتے اور کسی مخلوق کو اپنا الہ نہین ٹھہراتے اور خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان
ہین پھر اگر انبیاء اور اولیاء کو پکارین اور انمین تصرف مستقل ثابت نکرکے توسل و تشفع کا ارادہ رکھین تو ان پر شرک
بت لازم نہین آتی پس مومنین کو مشرکین پر قیاس کرنا مومنین کا شیوہ نہین قولہ بفرض تسلیم اس قسم کا توسل بھی شرعا
یز نہین چنانچہ بیان اوسکا آیندہ مین مذکور ہے اقول یہہ قول باطل ہے ہم بھی آیندہ لکھتے ہین قولہ یہہ صورت توسل
سبکی نے ذکر کی مختص ہے ساتھہ قبر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نہ دور دور سے پکارنا الخ اقول امام تقی الدین السبکی نے
پنی کتاب شفاء الاسقام کے اٹھوین باب کے توسل کے بیان مین لکھا ہے سو توسل کو تین قسم پر منقسم کیا پہلا قسم یہہ ہے کہ طالب حاجت کا
اللہ تعالی سے سوال کرنا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی جاہ سے یا برکت سے اور اس قسم کا توسل آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی
ولادت کے آگے اور بعد ولادت کے حالت حیات دنیا مین اور بعد وفات کے واقع ہونے اور جایز ہونے کو احادیث صحیحہ سے ثابت
کیا ہے اور دوسرا قسم توسل کا یہہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے طالب ہونا کہ اللہ تعالی کے پاس دعا فرماوین اور اس

قسم کے توسل کو حیات دنیا مین اور بعد وفات کے مدت برزخ مین اور عرصات قیامت مین واقع ہونے اور جایز ہونے پر بھی احادیث صحیحہ سے ثابت کیا ہی اور تیسرا قسم توسل کا یہہ ہی کہ اپنی حاجت کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے طلب کرنا یہہ طلب اس معنی پر ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو قدرت ہی کہ اللہ تعالی سے سوال و شفاعت کرکے اسکی حاجت روائی کا سبب ہون اور اس قسم کا توسل معنے کے دیکھیے دوسرے قسم کے توسل کیطرف راجع ہی اگرچہ تعبیر مین مختلف ہی اور اس قسم کے توسل کا جواز و وقوع احادیث صحیحہ سے ثابت کیا ہی۔ پس امام سبکی کا کلام ان اقسام ثلاثہ مین العموم ہی قبر شریف کے ساتھہ مختص نہین پھر تیسرے قسم سے جو ہم نے استدلال کیا تہا اسکو مختص قبر شریف کے ساتھہ ہونے کا دعوی کرنا انکے منطوق کلام کا مخالف ہے معترض صاحب نے مذکور کتاب کو دیکھا نہین یا دیکھنے کیلیے میسر نہوئی اسی واسطے جی مین جو آیا کہہ دیا گو کہ خطا ہی رہے علاوہ برین معترض صاحب کی بحث یہہ تھی کہ غیر اللہ سے مطلقا طلب حاجت کرنا شرک ہی پھر امام سبکی کا کلام اسکو رد کرتا ہی پس اس کلام کو قبر شریف کے ساتھہ تخصیص کرنا معترض صاحب کو کچھہ نفع نہین دیتا کیونکہ غیر اللہ سے طلب حاجت کرنے کا حکم خواہ قبر کے پاس ہو یا غیر قبر پاس ہر دو مساوی ہی اما دور دور سے پکارنیکا عدم جواز جو معترض صاحب کے زعم مین تہا اسکو علم غیب پر مبنی کیا تہا سو سابق مین اسکی غلطی بیان ہو چکی۔ فتدبر **قولہ** اور اس مسئلہ آہ **اقول** معترض صاحب نے اس بیان مین اخفاء حق کیا ہے اسلئے ہم اس مسئلہ کی تفصیل کرتے ہین کہ استمداد اہل قبور سے تین طور پر ہی پہلا فقط زیارت سے حصول برکت کا قصد ہو دوسرا نزدیک قبر کے اللہ تعالی سے بر آمد مقصود کا سوال کرنا اہل قبر کی جاہ و منزلہ سے تیسرا اہل قبور سے خطاب کرکے کہنا کہ میرے بر آمد مقصود کیواسطے دعا مانگو اور وسیلہ و شفیع ہو اللہ تعالی کے پاس پہر اسمین تین قول ہین پہلا ابن تیمیہ اور اسکے تابعدار ان تینون قسمون کو مطلقا منع کرتے ہین انکا یہہ قول باطل ہے اہل سنت و جماعت کے علمای مجتہدین نے انکے رد مین کتابین تالیف کی ہین اور بدلایل واضحہ اسکا بطلان بیان کر دیا اور دوسرا قول یہہ ہے انبیا علیہم السلام سے جایز ہی دوسرے اہل قبور سے جایز نہین یہہ قول ضعیف و مرجوح ہی تیسرا قول یہہ ہی کہ انبیا علیہم السلام اور دوسرے اہل قبور سے جو اولیا و صلحا ہین جایز ہی اور یہہ قول مختار و راجح ہی امام حجۃ الاسلام غزالی نے احیاء العلوم مین فرمایا ہے

القسم الثانی وھو ان یسافر لاجل العبادۃ اما الجہاد او الحج وقد ذکرنا فضل ذلک وآدابہ واعمالہ الظاھرۃ والباطنۃ فی کتاب اسرار الحج ویدخل فی جملتہ زیارۃ قبور الانبیاء

ترجمہ۔ دوسرا قسم اور وہ سفر کرنا عبادت کے لئے یا غزا و جہاد کیواسطے ہو یا حج کے واسطے ہو اور تحقیق کہ ہم نے ذکر کیا ہی اسکی فضیلت کو اور اسکے آداب کو اور اسکے اعمال ظاہری و باطنی کو کتاب مین اسرار الحج کے اور داخل ہوتا ہی منجملہ اسکے زیارت انبیا کے قبور کی

وزيارة قبور الصحابة والتابعين وساير العلماء والاولياء
وكل من يتبرك بمشاهدته في حياته يتبرك بزيارة قبره
بعد وفاته ويجوز شد الرحال لهذا الغرض ولا يمنع من هذا
قوله صلى الله عليه وسلم لا تشد الرحال الا الى ثلثة مساجد
مسجدي هذا والمسجد الحرام المسجد الاقصى لان ذلك
في المساجد فانها متماثلة بعد هذه المساجد والا فلا فرق
بين زيارة قبور الانبياء وبين العلماء والاولياء اصل الفضل
وان كان يتفاوت في الدرجات تفاوتا عظيما بحسب اختلاف درجاتهم
عند الله انتهى اور فتاوى طحطاوى مين لكها هے
نقل في الخادم للامام الرافعي ان ابا بكر الخطيب ذكر في تاريخ بغداد
انه كان ببغداد عند مصلى العيد قبر يعرف بقبر النذور
ويقصده الناس لقضاء حوايجهم ويقال انه قبر عبيد الله بن محمد
بن علي بن الحسين بن علي بن ابي طالب رضي الله عنهم وهو الاصح
وانما سمي قبر النذور لانه ما قصد في حاجة الا وقضيت
قال الخطيب وانا قصدته مرارا كثيرة ونذرت وحصل
لي المقصود انتهى اور فتاوى زيادى مين بهى اسكو نقل كرکے
اسکے بعد لکھا ہے والذي يوجد من قراين احوالهم انهم
يقصدون التصدق بذلك على خدامه واقاربه ولا يقدح
في ذلك ما قد يقصدونه من التقرب الى الميت بمعنى
حصول الخير لهم او دفع الضر عنهم ولا ينفكون عن القصد
المذكور اخيرا بل فيما فعله الخطيب ما يقتضي ذلك

اور زیارت صحابہ و تابعین اور تمامی علما اور اولیاء کے قبور کی
اور جس شخص کے مشاہدہ سے برکت لیتے ہیں اسکی حیات میں تو برکت لی جاوے اسکی قبر کی زیارت سے
بعد وفات اسکے اور جائز ہے سفر کرنا اس غرض کے لیے اور نہیں منع کرتا اس سے
قول آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا لا تشد الخ یعنی نہ سفر کیا جاوے مگر تین مسجد کی طرف
میری یہہ مسجد اور مسجد الحرام اور مسجد اقصی کیونکہ یہہ [illegible]
مساجد میں کہ واسطے کہ وے متماثل ہیں بعد ان مساجد کے ورنہ کچھ فرق [illegible]
درمیان زیارت قبور انبیا کے اور درمیان علما و اولیا کے اصل فضل [illegible]
اگرچہ درجات میں بڑا تفاوت ہے باعتبار اختلاف انکے درجات کے
جو اللہ کے نزدیک ہیں ۱۲
ترجمہ - نقل کی ہے کتاب الخادم میں تحقیق کہ ابوبکر خطیب نے ذکر کیا [illegible]
کہ بغداد میں مصلی العید کے پاس ایک قبر ہے وہ قبر النذور کرکے معروف ہے
اور لوگ اسکا قصد کرتے ہیں اپنے حوایج کے روا ہونے کیلئے [illegible]
عبید اللہ بن محمد بن علی بن الحسین بن علی بن ابی طالب کی ہے رضی اللہ عنہم اور یہی قول اصح ہے
اور قبر النذور کرکے نام رکھنے کی یہہ وجہ ہے کہ کسی حاجت میں قصد نہیں کرتے مگر وہ روا ہو جاتی ہے
فرمایا خطیب نے کہ میں نے بہت مرتبہ اسکا قصد کیا ہے اور نذر کی ہے اور حاصل ہو گیا ہے
اپنے لیے مقصود ۱۲
ترجمہ - اور جو پایا جاتا ہے ان کے قراین احوال سے یہہ ہے کہ مقرر وہ
قصد تصدق کا کرتے ہیں اس نذر سے اسکے خدمتگاروں اور قرابتداروں پر
اور قدح نہیں کرتا
اسمیں جو کبھی قصد کرتے ہیں تقرب کا میت کے پاس اس معنے سے
کہ حاصل ہووے انکے لیے خیر اور دور ہووے انسے ضرر اور جدا نہیں ہوتے ہیں اس قصد
جو مذکور ہوا اخیر میں بلکہ خطیب نے جو کیا ہے [illegible]

اشیلت به ونعم القدوة فانه كان حافظ زمانه بلامدافعة
انتہی اور امام سبکی نے شفاء الاسقام میں لکھا ہے ان المعلوم
من الدین وسیر السلف الصالحین التبرک ببعض الموتی
من الصالحین فکیف بالانبیاء والمرسلین ومن ادعی ان قبور
الانبیاء وغیرهم من الموتی المسلمین سواء فقد اتی امرا عظیما
یقطع ببطلانه وخطائه وفیه حط لرتبة النبی الی درجة
من سواه من المؤمنین وذلک کفر بیقین فان من حط
رتبة النبی صلی الله علیه وسلم عما یجب له فقد کفر انتہی
اور بیچ زیارت قبور کے اقسام میں لکھا ہے الثالث للتبرک
باهلها اذا کانوا من اهل الصلاح والخیر انتہی اور طیبی نے
شرح مشکاۃ میں لکھا ہے اما من اتخذ مسجدا فی جوار صالح
او صلی فی مقبرته وقصد به الاستظهار بروحه او وصول
اثر ما من آثار عبادته الیه لا التعظیم له والتوجه نحوه
فلا حرج علیه انتہی اور ابن حجر المکی الشافعی نے خیرات الحسان
فی مناقب ابی حنیفة النعمان میں لکھا ہے ان قبره غوث لقضاء
الحوائج اعلم انه لم یزل العلماء وذو الحاجات یزورون
قبره ویتوسلون عنده فی قضاء حوائجهم ویرون نجح ذلک
منهم الامام الشافعی رضی الله عنه لما کان ببغداد فانه جاء
عنه قال انی لاتبرک بابی حنیفة واجیء الی قبره فاذا عرضت
لی حاجة صلیت رکعتین وجئت الی قبره وسألت الله عنده
فتقضی سریعا انتہی۔ اور الشیخ محمد الشامی جو حافظ السیوطی کا تلمیذ

اور وہ تجھکو کافی ہے اور بہتر پیشوا ہے کیونکہ وہ حافظ تھا اپنے زمانہ کا بلا نزاع کے ۱۲

ترجمہ۔ تحقیق کہ دین کے معلوم باتوں سے
اور سلف صالح کی عادات سے ہے برکت حاصل کرنی بعضے مردگان سے
جو صلحا میں پھر کیونکر نہ ہوگا انبیا اور مرسلین سے اور جس نے دعویٰ کیا کہ قبور
انبیا کے اور دوسرے مسلمان مردگان کے برابر ہیں تحقیق لایا وہ بڑا امر
کہ جزم کرتے ہیں اسکے باطل ہونے اور اسکی خطا پر اور اسمیں گھٹانا ہے نبی کے مرتبہ کے لئے
دوسرے مومنوں کے درجہ کی طرف اور یہ کفر ہے یقینا کیونکہ جو شخص گھٹاتا ہے
مرتبہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اس چیز میں جو واجب ہے آنحضرت کے لئے تو بیشک وہ کافر ہوا ۱۲

ترجمہ۔ تیسری قسم زیارت کا واسطے برکت حاصل کرنے کے
اہل قبور سے جبکہ ہوں اہل صلاح و خیر ۱۲

ترجمہ۔ جس نے بنائی مسجد ہمسایہ میں صالح کے
یا نماز پڑھی مقبرہ میں اسکے اور قصد کیا اس سے استعانت کا اسکی روح سے یا پہنچنے
کا کسی اثر آثار سے اسکی عبادت کے اسکی طرف نہ اسکی تعظیم کا اور نہ توجہ کا اسکی طرف
پس نہیں حرج ہے اس پر ۱۲

ترجمہ۔ تحقیق کہ قبر انکی فریادرس ہے واسطے روا ہونے
حاجتوں کے جانئے کہ ہمیشہ علما اور ارباب حاجات زیارت کرتے ہیں
انکی قبر کی اور توسل کرتے ہیں نزدیک اسکے اپنی حاجتوں کے روا ہونے میں اور دیکھتے ہیں
اسکے روا ہوجانے کو ازانجملہ امام شافعی رضی اللہ عنہ ہیں جبکہ تھے بغداد میں تو انسے مروی ہوا
کہ کہا تحقیق میں برکت حاصل کرتا ہوں ابوحنیفہ سے اور آتا ہوں انکی قبر کے پاس
پھر جب عارض ہوتی ہے میرے لئے حاجت تو نماز پڑھتا ہوں دو رکعت اور آتا ہوں انکی قبر پر
اور سوال کرتا ہوں اللہ تعالے سے اسکے نزدیک
پس روا ہو جاتی ہے جلد ۱۲

نے کتاب عقود الجمان فی مناقب ابی حنیفة النعمان مین بھی اسکو ذکر کیا ہے اور ابن حجر المکی نے تحفہ مین لکھا ہے

یفرق بین نحو العلماء والاقارب لان القصد اهل (؟) تعظیم نحو العلماء باحیاء مشاهدهم وایضا فزوارهم یعود علیهم مدد اخروی لا ینکره الا المحرومون بخلاف الاقارب انتهی اور علامہ ابن علان نے دلیل الفالحین شرح ریاض الصالحین مین لکھا وقد قسم المصنف (وهو الامام النووی ۱۲) الزیارة الی اقسام لانها اما لمجرد تذکر الموت والاخرة فیکفی رؤیة القبور من غیر معرفة اصحابها واما لنحو الدعاء فیسن لکل مسلم واما للتبرک فیسن لاهل الخیر لان لهم فی برازخهم تصرفات وبرکات لا یحصی مددها واما لاداء حق نحو صدیق ووالد لخبر ابی نعیم من زار قبر والدیه او احدهما یوم الجمعة کان کحجة ولفظ روایة البیهقی غفر له وکتب له براءة واما رحمة وانیسا لخبر آنس ما یکون المیت فی قبره اذا زاره من کان یحبه فی الدنیا انتهی اور خزانة الروایه مین مذکور ہے کل من یتبرک بمشاهدته فی حیاته یتبرک بزیارته بعد وفاته انتهی اور ملا علی القاری نے شرح مناسک مین لکھا ہے فینبغی ان یزورهم ویتبرک بهم انتهی اور بھی ملا علی القاری نے شرح شفا مین لکھا ہے لا تدع ان تاتی مسجد قباء وقبور الشهداء ای شهداء احد ای لا تترک اتیان زیارتهم واستدعاء شفاعتهم انتهی

ترجمہ ۔ اور فرق کیا جاتا ہے درمیان مثل علما کے اور قرابتداروں کے کیونکہ قصد مثل علما کی تعظیم ظاہر کرنیکا ہے انکی قبروں کو زندہ رکھنے سے اور بھی انکے زائرون کو عود کرتی ہے مدد اخروی انکار نہین کرتے اسکا مگر محروم لوگ بخلاف قرابتدارون کے ۱۲

ترجمہ ۔ اور تحقیق کہ تقسیم کی ہے مصنف یعنی امام نووی نے زیارت کو طرف اقسام کے کیونکہ وہ یا موت اور آخرت کو فقط یاد کرنیکے لئے ہے تو کافی ہے دیکھنا قبرونکا بغیر معرفت اصحاب قبور کے یا واسطے مثل دعا کے ہے تو سنت ہے ہر (؟) ہر مسلمان کی یا برکت حاصل کرنیکے لئے ہے تو سنت ہے زیارت اہل خیر کی کیونکہ انکے لئے انکے برزخ مین تصرفات اور برکات ہین شمار نہین کیجاتی اسکی مدد یا حق ادا کرنیکے لئے ہے مثل دوست اور والد کے واسطے حدیث ابونعیم کے جسنے زیارت کی قبر کو اپنے والدین کی یا ایک کی ان دونون سے روز جمعہ تو ہوگا مثل حج کے اور لفظ بیہقی کی روایت کا یہ ہے مغفرت کیجاویگی اسکے لئے اور لکھی جاویگی اسکے لئے برات یا زیارت رحمت اور انسیت دلانے کے لئے ہے واسطے اس حدیث کے زیادہ انسیت لینے والا جو ہوتا ہے مردہ اپنی قبر مین جب کہ دیکھے اس شخص کو جو دوست رکھتا تھا دنیا مین ۱۲

ترجمہ ۔ جس شخص کی مشاہدہ سے برکت حاصل کیجاوے اسکی حیات مین برکت حاصل کیجاوے اسکی زیارت سے بعد وفات اسکے ۱۲

ترجمہ ۔ پس چاہئے زیارت کرنا انکی اور برکت حاصل کرنا ان سے ۱۲

ترجمہ ۔ مت ترک کر جانا مسجد قبا کو اور قبور کو شہداء احد کے یعنی مت چھوڑ جانا انکی زیارت کو اور چاہنا انکی شفاعت کو ۱۲

اور یہی ملا علی قاری نے شرح مشکاۃ میں لکھا ہے وقد قسم النووی
زیارۃ القبور الی اقسام متعددۃ لانہا اما لمجرد تذکر الموت
والآخرۃ فیکفی رؤیۃ القبور من غیر معرفۃ اصحابہا
واما لنحو الدعاء فیسن لکل مسلم واما للتبرک فیسن
لاہل الخیر لان لہم فی برازخہم تصرفات وبرکات لا یحصی
عددہا ولا یحصر مددہا واما لاداء حق نحو صدیق
وحمیم لخبر ابی نعیم من زار قبر والدیہ او احدہما یوم الجمعۃ
کان کحجۃ انتہی اور ابو القاسم القشیری نے اپنے رسالہ میں
اور زکریا انصاری نے اسکی شرح میں لکھا ہے ابو محفوظ
معروف بن فیروز الکرخی کان من المشائخ الکبار
مجاب الدعوۃ یستشفی بقبرہ البغدادیون قبر معروف
تریاق مجرب قال ابو عبد الرحمن الزہری یقال من قرأ
عند قبرہ مائۃ مرۃ قل ہو اللہ احد وسأل اللہ ما یرید
قضیت حاجتہ ومثلہ یذکر عن قبر اشہب وابن القاسم
صاحبی الامام مالک رضی اللہ عنہ وہما مدفونان بمشہد واحد
بقرافۃ یقف الزائر بین قبریہما ویقرأ ما ذکر متوجہ القبلۃ
یستجاب لہ انتہی اور توضیح الہدی باعمال التقی میں
زیارت قبور کے آداب میں لکھا ہے والسابع ان یلتزم زیارۃ
الانبیاء واہل البیت والعلماء والصلحاء والاتقیاء
وقد التزم قوم کثیر زیارۃ امثال ہؤلاء ورأوا برکۃ ذلک
وتحققوا حصول النفع بہ عاجلا واستجابۃ الدعاء عندہم

ترجمہ — اور تحقیق کہ تقسیم فرمائی ہے نووی نے زیارت کو
متعدد اقسام کیطرف کیونکہ وہ یا موت و آخرت کو فقط یاد کرنیکے لیے ہے
تو کافی ہے دیکھنا قبور کا بغیر معرفت اصحاب قبور کے
یا واسطے مثل دعا کے ہے تو سنت ہے زیارت ہر مسلمان کی یا واسطے برکت حاصل کرنے کے ہے تو سنت ہے زیارت
اہل خیر کی کیونکہ انکے لیے انکے برزخ میں تصرفات و برکات ہیں شمار نہیں کیجاتی
اسکی مدد اور حصر نہیں کیا جاتا اسکا عدد یا حق ادا کرنیکے لیے ہے مثل دوست
اور قرابتدار کے واسطے حدیث ابی نعیم کے جسنے زیارت کی قبر کی اپنے والدین کے یا ایک کی ان دونوں میں سے روز جمعہ کے
تو ہے مثل حج کے ۱۲

ترجمہ — ابو محفوظ
معروف بن فیروز کرخی تھے بڑے مشایخوں سے
اور مقبول ہوتی انکی دعا طلب شفا کرتے انکی قبر سے بغدادیان قبر معروف کی
تریاق ہے مجرب کہا ابو عبد الرحمن الزہری نے کہا جاتا ہے کہ جو شخص پڑھیگا
انکے قبر کے نزدیک سو بار قل ہو اللہ احد اور سوال کریگا اللہ سے جو ارادہ رکھتا ہے
تو روا ہوگی اسکی حاجت اور اسکے مثل منقول ہے قبر سے اشہب اور ابن قاسم کے
جو صاحبین ہیں امام مالک رضی اللہ عنہ کے اور وہ دونوں مدفون ہیں ایک ہی مقبرہ میں
قرافہ پاس کھڑے رہے زایر انکے قبروں کے درمیان اور پڑھے جو مذکور ہوا متوجہ ہوکر قبلہ طرف
تو دعا مستجاب ہوتی ہے اسکے لیے ۱۲

ترجمہ — اور ساتواں لازم کرلینا زیارت
قبور کی انبیا اور اہل بیت اور علما اور صلحا اور اتقیا کی
پس تحقیق کہ لازم کرلیا ہے بہت قوم نے زیارت کو امثال انکے اور دیکھی ہیں برکت اسکی
اور متحقق کیا ہے اس سے نفع جلد حاصل ہونیکو اور دعا مستجاب ہونیکو انکے پاس

والتشفع بهم الى الله سبحانه في نيل ما يسره ودفع ما يضر
واستشهادا حصول البركة بزيارتهم يغني عن تقريره انتهى
اور بھی اسی مین لکھا ہے وقد وجدنا ان اجتماع خواص عباد الله تعالى
عند مقابر العلماء والمشايخ انما هو لاجل الفاتحة وقراءة القرآن
والدعاء والاستعانة بارواحهم في قضاء حوائجهم
الدينية وقد جربوا ذلك مرارا كثيرة ووجدوا الفوائد
الباطنية في زيارة ايام العرس خصوصا ولهذا يهتمون
اشد الاهتمام في ان يحضروا عند القبور ويقرأوا الفاتحة
ساعة انتقل روحه فيها ويوصون بذلك وان اجتماع
العوام لاجل الفاتحة والاستمداد في حوائجهم دنيوية
كانت او اخروية انتهى اور شرح البرزخ مین لکھا ہے
ان الميت اذا يسمع كلام الزوار ويعرف احوالهم لا يبعد
ان يعين المتحير في امره ان كان له ذلك المكان عند الله تعالى
اور بھی لکھا ہے دل الحديث ان الميت يعرف زائره ويدعو له
بالخير لان السلام دعاء فيصح الاستعانة به انتهى
اور بھی لکھا ہے واما الطائفة الثانية وهم الانبياء والشهداء
والاولياء فلا يبعد منهم الاستعانة ولا ينكر اعانتهم
من نوع الاخبار والآثار اكثر من ان يحصى انتهى اور شيخ
محمد سندی نے طوالع الانوار مین لکھا ہے اجابة الله للملهوف
من توسل الى ضريح ولي من اولياء الله تعالى او كشف كربة
همه من الله تعالى بعبده الصالح فالكاشف للكربة

اور انکی شفاعت مقبول ہونیکو الله کے پاس پانے مین اس چیز کے جو خوش کرے اور دور ہونے مین اس چیز کے جو ضرر دیوے
اور مشتہر ہونا حصول برکت کا انکی زیارت سے غنی کرتا ہے اسکی تقریر سے ۱۲
ترجمہ۔ اور تحقیق کہ ہم نے پایا ہے مجتمع ہونا الله تعالی کے خواص بندگونکا
قبرونکے پاس علما اور مشایخ کے نہین ہے مگر واسطے فاتحہ اور قرأت قرآن
